
ایمانیات، عبادات، سیرت، اذکار، دعاؤں، سُنّتوں اور آداب پر مشتمل سلسلہ

# اسلامیات


## نرسری



سلسلہ راہِ اسلام

# اسلامیات

## نرسری



سلسلہ راہِ اسلام

نام ________________ ولدیت ________________ فون ________________

جماعت ________ سیکشن ________ ایڈمیشن آئی۔ڈی ________ جی۔آر نمبر ________ رول نمبر ________

اسکول ________________________________________________

# پیش لفظ

اسلام کا راستہ وہ ہے، جس پر چلنے والا اعلیٰ اخلاق، مہذب انداز اور باوقار شخصیت کا مالک ہوتا ہے۔ اس راستے کی آگاہی انسان کی دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے بنیادی شرط ہے۔ بچّوں کو شروع سے ہی اس راستے کی طرف رہنمائی کرنا اور اُنھیں اس پر چلنے کی تربیت دینا، ایک بہترین معاشرے کی تشکیل کا ضامن ہے۔ دار المدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس نے معاشرے کی اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے بچّوں کو اسلام کے راستے سے آگاہی دینے اور اُن کی دینی و اخلاقی تربیت کے لیے اسلامیات کی درسی کتب کا ایک سلسلہ بنام ''راہِ اسلام'' شائع کیا ہے۔ اس سلسلے کو مروّجہ نظامِ تعلیم کے مطابق تین حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے، جس میں سے پہلا حصّہ پری پرائمری کے لیے، دوسرا حصّہ پرائمری کے لیے اور تیسرا حصّہ سیکنڈری کے لیے ہے۔

اسلامیات کی زیرِ نظر کتاب ''سلسلہ راہِ اسلام'' کے پہلے حصّے کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب میں بچّوں کی ذہنی سطح اور سیکھنے کی استعداد کو ملحوظ رکھتے ہوئے، اسلامی نظریات، عبادات اور اخلاقیات سے متعلّق مضامین شامل کیے گئے ہیں۔ اس کتاب کی تدوین میں علمائے کرام اور ماہرینِ نصاب کی مشاورت کے ساتھ مندرجہ ذیل اُمور کا خاص خیال رکھا گیا ہے:

- دینی معلومات فراہم کرتے ہوئے بہت احتیاط کی حاجت ہوتی ہے۔ اس کتاب میں حتّی المقدور کوشش کی گئی ہے کہ کفر و گمراہی سے پاک صرف اور صرف مستند معلومات ہی فراہم کی جائے، جو بچّوں کو دین سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ اُن کے دل میں دین کی محبّت پیدا کرنے اور اُنھیں بااخلاق بنانے میں معاون ثابت ہو۔
- بچّہ کسی نامعلوم (unknown) کو اس وقت تک نہیں جان سکتا جب تک وہ معلوم (known) سے مربوط نہ ہو۔ بچّے کو معلوم اشیاء کے ذریعے ہی اسلام کے بنیادی تصوّرات سمجھائے جا سکتے ہیں۔ بچّے کی تفہیم کے اس بنیادی اصول کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اس کتاب کے اسباق تیّار کیے گئے ہیں۔
- دورانِ تدریس دلکش تصاویر (visuals) کا استعمال انتہائی مفید ہے۔ بچّے جن چیزوں کو دیکھتے ہیں، وہ اُنھیں دیر تک یاد رہتی ہیں۔ اخلاقیات اور عبادات کے باب میں عملی طریقۂ کار تصاویر (visuals) کی صورت میں دیکھ کر بچّے بآسانی سیکھ لیتے ہیں، نیز خوش نما تصاویر (visuals) بچّوں کی کتاب سے دلچسپی میں اضافے کا ذریعہ بھی بنتی ہیں۔ ان فوائد کے پیشِ نظر کتاب میں مختلف دلچسپ اور خوش نما تصاویر (visuals) بھی شامل کی گئی ہیں۔

دار المدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس کے شعبۂ اسلامیات (پری پرائمری) نے اس کتاب کو مؤثر بنانے میں حتّی المقدور کوششیں کی ہیں تاہم حسنِ نیّت کے ساتھ کی جانے والی کوششوں کے باوجود اغلاط سے پاک ہونے کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا۔ والدین، اساتذۂ کرام اور دیگر قارئین سے گزارش ہے کہ کتاب میں کسی بھی قسم کی غلطی پائیں تو تحریری صورت میں اس کی نشان دہی ضرور فرمائیں۔ اللہ پاک سے دُعا ہے کہ وہ اس کتاب کو طلبہ کے لیے بالخصوص اور دیگر قارئین کے لیے بالعموم اسلامی تعلیمات حاصل کرنے کا ذریعہ بنائے۔

اٰمین بجاہِ النّبی الامین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم

شعبۂ اسلامیات

دار المدینہ انٹرنیشنل یونیورسٹی پریس

# فہرست


| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | ہمارا رازق | ۱ - ۸ |
| ۲ | پیارے نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ | ۹ - ۱۴ |
| ۳ | ہمارا دین | ۱۵ - ۲۲ |
| ۴ | ادب واحترام | ۲۳ - ۳۰ |
| ۵ | کھانے کے آداب | ۳۱ - ۳۸ |
| ۶ | اذکار و دُعائیں | ۳۹ - ۴۶ |

# ہمارا رازق

## حاصلاتِ تعلّم


یہ سبق پڑھنے کے بعد بچّے:


- جان جائیں گے کہ ہم سب کو اللہ پاک کھلاتا اور پلاتا ہے۔
- جان جائیں گے کہ اللہ پاک سب کا رازق ہے۔
- کھانے اور پینے کے بعد اللہ پاک کا شُکر ادا کرنے لگیں گے۔

## سرگرمی


- اساتذہ بچّوں کو کلاس سے باہر چڑیا یا کبوتر وغیرہ کو دانا کھاتا ہوا دکھائیے اور اُن کی تفہیم کیجیے کہ ان کو اور سب کو کھانے پینے کی چیزیں اللہ پاک دیتا ہے۔
- اساتذہ اور والدین وقتاً فوقتاً کھانے کے بعد اور پانی پینے کے بعد بچّوں کے ساتھ مل کر اللہ پاک کا شُکر ادا کیجیے۔

سب کو اللہ پاک کھلاتا اور پلاتا ہے۔











ہمیں بھی اللہ پاک کھلاتا اور پلاتا ہے۔











اللہ پاک سب کا رازق ہے۔















ہمیں کھانے پینے کے بعد اللہ پاک کا شُکر ادا کرنا چاہیے۔












# ذہانت کا امتحان

**سوال :** سب کو کون کھلاتا اور پلاتا ہے؟

**جواب:** سب کو اللہ پاک کھلاتا اور پلاتا ہے۔

**سوال :** ہمیں کون کھلاتا اور پلاتا ہے؟

**جواب:** ہمیں اللہ پاک کھلاتا اور پلاتا ہے۔

**سوال :** جانوروں کو کون کھلاتا اور پلاتا ہے؟

**جواب:** جانوروں کو اللہ پاک کھلاتا اور پلاتا ہے۔

**سوال :** پرندوں کو کون کھلاتا اور پلاتا ہے؟

**جواب:** پرندوں کو اللہ پاک کھلاتا اور پلاتا ہے۔




**سوال :** سب کا رازق کون ہے؟




**جواب:** اللہ پاک سب کا رازق ہے۔

**سوال :** ہمیں کھانے پینے کے بعد کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:** ہمیں کھانے پینے کے بعد اللہ پاک کا شُکر ادا کرنا چاہیے۔

**سوال :** سب اللہ پاک کی دی ہوئی چیزیں کھاتے ہیں۔ تصاویر ملا کر بتائیے کہ کون اللہ پاک کی دی ہوئی کون سی چیز کھاتا ہے؟


**سوال :** چار ایسی چیزوں کی تصویریں چپکائیے، جو ہمیں اللہ پاک نے کھانے کے لیے دی ہیں۔

**تربیت:**

جب بھی اللہ پاک کی دی ہوئی کوئی چیز کھائیں یا پییں تو اللہ پاک کا شُکر ادا کیجیے۔

# ادب و احترام

## حاصلاتِ تعلّم

یہ سبق پڑھنے کے بعد بچّے:

- امّی ابّو اور اساتذہ کے ادب کے بارے میں جان جائیں گے۔
- بڑوں کا ادب کرنے لگیں گے۔

## سرگرمی

- اساتذہ بچّوں سے والدین اور بڑوں کا ادب کرنے کی عملی مشق کروایئے۔ اس سلسلے میں بڑوں سے بات کرنے کا طریقہ، بڑوں کے سامنے کھڑے ہونے کا طریقہ اور بڑوں کے کمرے میں داخل ہونے کا طریقہ وغیرہ سکھایئے۔


1
مرغی اپنے چوزوں کے ساتھ
دڑبے سے نکلی۔
2
سب ساتھ رہنا۔


3

ایک چوزے نے مرغی کی بات
نہیں مانی اور وہ دُور چلا گیا۔



4

اچانک ہی بلّی آئی اور چوزے پر جھپٹی۔
چوزہ ڈر کر مرغی کی طرف بھاگا۔




**5**


مرغی چوزے کو بچانے کے
لیے دوڑی۔



**6**

بلّی مرغی کو آتا دیکھ کر بھاگ نکلی۔




7
میں نے کہا تھا نا! سب ساتھ رہنا۔
8
اب میں آپ کی
بات مانوں گا۔


پیارے بچّو! گھر میں **امّی ابّو** اور اسکول میں **ٹیچر** کا کہنا ماننا چاہیے۔

جب ہمیں امّی ابّو یا ٹیچر کسی کام کا کہیں تو **لبَّیك** کہتے ہوئے فوراً اُن کی بات ماننی چاہیے۔






ہمیں امّی، ابّو اور سب بڑوں کا **ادب** کرنا چاہیے۔









# ذہانت کا امتحان

سوال : امّی، ابّو یا ٹیچر کسی کام کا کہیں تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: امّی، ابّو یا ٹیچر کسی کام کا کہیں تو ہمیں لبّیک کہتے ہوئے فوراً اُن کی بات ماننی چاہیے۔

سوال : ہمیں کن کن کا ادب کرنا چاہیے؟

جواب: ہمیں امّی ابّو اور سب بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔

تربیت:

امّی، ابّو، ٹیچر اور بڑوں کا ادب کیجیے۔ اُن کا کہنا مانیے۔

# سلسلہ راہِ اسلام (پری پرائمری)

چھوٹے بچّے پھول کی مانند ہوتے ہیں۔ اُن کی دیکھ بھال بھی پھولوں کی طرح ہونی چاہیے۔ بچّوں کی تعلیم و تربیت میں اُن کی ذہنی استعداد اور مزاج کا خیال رکھنا چاہیے۔ اسلامیات کی زیر نظر کتاب سلسلہ راہِ اسلام (پری پرائمری) کا ایک حصّہ ہے، جو اسی سوچ کا نتیجہ ہے۔ اس سلسلے میں حقیقی اسلامی تعلیمات کو بچّوں کی نفسیات کے مطابق دلچسپ بنا کر پیش کیا گیا ہے۔ جاذب نظر طباعت، با مقصد تصاویر، جامع و آسان تحریر، شاندار ترتیب اور مفید مشقیں اس سلسلے کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ اللہ پاک کی رحمت سے اُمید ہے کہ اسلامیات کی درسی کتابوں کا یہ سلسلہ راہِ اسلام معاشرے کو باشعور، باعمل مسلمان فراہم کرنے میں معاون ثابت ہو گا۔










Dar-ul-Madinah International University Press


دارالمدینہ (ہیڈ آفس)

دارالمدینہ انٹرنیشنل ایجوکیشنل سیکریٹریٹ، پلاٹ نمبر 171، بلاک 13/A، نزد گیلانی مسجد، گلشنِ اقبال، کراچی، پاکستان۔

فون نمبر : +92-21-34990226 موبائل نمبر : +92-313-2626037

ای میل : sales@dmiup.com ویب سائٹ : www.dmiup.com



9789696910299